ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
ایڈیٹر انچیف راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 07 | منگل 17 نومبر 2026ء 6 جمادی الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 69
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

زندگی اور صحت کو شدید خطرہ، عمران خان کا چیف جسٹس کا خط، فوری انصاف کی اپیل

بلڈ پریشر 193 تک چکا گیا تھا، ڈاکٹر نے مجھے دل کے دورے اور برین ہیمرج کے شدید خطرے کا اندیشہ ظاہر کیا، سپریم کورٹ کا 18 اگست کا حکم تاحال نافذ نہیں ہوسکا

اہلیہ بشریٰ بی بی کی بینائی شدید خطرے میں ہے، ریٹنا الگ ہونے کے باوجود انہیں طبی سہولیات اور مناسب علاج نہیں دیا جارہا، مجھے سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا ہے

جیل حکام اہلخانہ سے ہفتہ وار ملاقات بھی منسوخ کررہے ہے، بیٹوں کو فون پر بات کی اجازت نہیں دی جارہی، تنہائی نے میری ذہنی صحت کو متاثر کیا ہے

میں کسی رعایت کا طلبگار نہیں، صرف عدالتی احکامات پر عملدرآمد چاہتا ہوں، مجھے بہت دیر ہونے سے پہلے انصاف فراہم کیا جائے، خط میں مطالبہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عمران خان نے چیف جسٹس کے نام خط میں کہا ہے کہ مجھے انصاف دیں، اس سے پہلے کہ تاخیر ہوجائے۔ چیف جسٹس آئینی عدالت، چیف جسٹس پاکستان اور چیف جسٹس ہائی کورٹ کے نام بانی پی ٹی آئی عمران خان کا خط بیرسٹر سلمان صفدر کے ذریعے لکھا گیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ میں ججز صاحبان سے زیادہ رعایت نہیں مانگ رہا، میری گزارش ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم پر عملدرآمد کرواتے ہوئے مناسب علاج کی سہولت فراہم کی جائے۔ عمران خان نے خط میں کہا کہ اگر میں زندہ رہا تو صرف اس صورت خود کو بے گناہ ثابت کرسکتا ہوں۔ مجھے انصاف دیں اس سے پہلے تاخیر ہوجائے۔ 10 نومبر کو میرا بلڈ پریشر 193 تک گیا تھا۔ ڈاکٹر نے مجھے دل کے دورے اور برین ہیمرج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

پیٹرول، ڈیزل 2 روپے لیٹر سستا

اوگرا نے 17 نومبر کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا نوٹی فکیشن جاری کردیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کردی۔ رپورٹ کے مطابق اوگرا نے 17 نومبر کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا نوٹی فکیشن جاری کردیا۔ نوٹی فکیشن کے مطابق پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 2 روپے کمی کی گئی ہے جس کے بعد نئی قیمت 330 روپے سے کم ہوکر 328 روپے فی لیٹر ہوگئی۔ اس کے علاوہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں بھی 2 روپے فی لیٹر کمی کا اعلان کیا گیا ہے جس کے بعد نئی قیمت 358 روپے فی لیٹر مقرر ہوگئی۔ اوگرا کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں یکساں کمی کی گئی جس کا اطلاق رات 12 بجے سے 17 نومبر کیلئے ہوگا۔ اعلامیے کے مطابق وفاقی حکومت کے منظور کردہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی ای او اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

معاشرے میں افہام و تفہیم کو فروغ دیں، آصف علی زرداری

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ برداشت کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر باہمی احترام، پرامن بقائے باہمی اور انسانی وقار کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پاکستان کو آبی حقوق سے محروم کرنا اعلانِ جنگ تصور ہوگا، یوسف گیلانی

فن لینڈ کے نائب وزیر کی اعلیٰ سطحی کاروباری وفد کے ہمراہ ملاقات

پاکستان اور فن لینڈ تعلقات کو مضبوط اقتصادی شراکت داری میں بدلنے پر اتفاق

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی قوت اور امن پسند ملک ہے جس نے حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دنیا کو یہ پیغام دیا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کا خواہاں ہے۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ پاکستان کو اس کے جائز آبی حقوق سے محروم کرنے کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

علاقائی تعاون اور معاشی انضمام کیلئے پرعزم ہے، وزیر اعظم

ای سی او کے تحت پہلے سے موجود معاہدوں پر مؤثر عملدرآمد اور ادارہ جاتی نظام کو مضبوط بنانا علاقائی معاشی تعاون کی رفتار تیز کرنے کے لیے ضروری

پاکستان سڑکوں، ریلوے اور دیگر ذرائع نقل و حمل پر مشتمل راہداریوں کے ذریعے علاقائی روابط کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پرعزم ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان ای سی او ممالک کے درمیان علاقائی تعاون معاشی انضمام کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں شہباز شریف سے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہان نے ملاقات کی، جس میں علاقائی تعاون، معاشی انضمام، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، ٹرانسپورٹ اور مواصلاتی روابط کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ذوالفقار علی خوندای او وزراء کونسل کے 30ویں اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد میں موجود ہیں۔ انہوں نے معزز مہمانوں کا خیر مقدم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)


اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات عطا تارڑ میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ای سی او وزراء کونسل اجلاس رئیسہ عادل کو شیلڈ سے نوازا گیا

پاکستان کیلئے بڑا اعزاز، انفارمیشن سروس نے اہم کردار ادا کیا ہے، عطا تارڑ



اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) پاک چائنا سینٹر اسلام آباد میں منعقد ہونے والا ای سی او کونسل آف منسٹرز کا 30واں اجلاس کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ اجلاس میں رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سانحہ گل پلازہ کیس، ملزم امین کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری

کراچی (صباح نیوز) سانحہ گل پلازہ کیس میں عدالت نے ملزم امین کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے اسے اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ سٹی کورٹ کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کفایت شعاری بے اثر، حکومتی اخراجات میں 28 فیصد اضافہ، خرچے 206 ارب سے متجاوز

سرکاری اداروں کے روزمرہ آپریشنل امور، حکومتی امور چلانے کے اخراجات میں جولائی تا ستمبر کے دوران نمایاں اضافہ ہوا

پہلی سہ ماہی میں حکومتی امور چلانے پر 206 ارب 64 کروڑ خرچ، گزشتہ سال اخراجات 161 ارب 18 کروڑ روپے تھے

اسلام آباد (صباح نیوز) کفایت شعاری اقدامات کے باوجود وفاقی حکومت کے امور چلانے کے اخراجات میں رواں مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی کے دوران 28-21 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ حکومت نے پورے مالی سال کے دوران ان اخراجات میں مزید اضافے کا تخمینہ لگایا ہے۔ وزارت خزانہ کی دستاویزات کے مطابق وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور سرکاری اداروں کے روزمرہ آپریشنل امور، تنخواہوں، انتظامی معاملات اور دیگر ضروری اخراجات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)


ریفرنڈم کی تاریخ انتہائی بھیانک ہے، لیاقت بلوچ

پارلیمنٹ ہی نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام کا متفقہ آئینی راستہ ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) نائب امیر جماعت اسلامی اور سیاسی و قومی امور کمیٹی کے صدر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سیاسی و جمہوری عمل کی پائیداری کے لیے بااختیار مقامی حکومتوں کا نظام ناگزیر ہے۔ صوبے چھوٹے ہوں یا انتظامی یونٹس میں اضافہ کیا جائے، بااختیار بلدیاتی نظام شہری اور دیہی عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری ہے۔ پنجاب حکومت کی کارکردگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

نواز شریف کے دورہ مظفرآباد کا شیڈول طے

قائدین لیگ مظفرآباد سیاحتی مقام نیلم ویلی کے علاقے تاوبٹ روانہ ہونگے



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سابق وزیر اعظم و صدر مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف کے دورہ مظفرآباد کا شیڈول طے ہوگیا، وہ 18 نومبر بدھ کو مظفرآباد پہنچیں گے۔ ذرائع مطابق نواز شریف بدھ کو مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی اور پارٹی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے، میاں نواز شریف پونچھ کے ٹکٹ ہولڈرز اور ممبران جموں و کشمیر کونسل سے بھی ملاقات کریں گے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

وزیر اعظم کی ایس ایم ایز برآمد کنندگان کے وفد سے ملاقات

ایکسپورٹ فنانس سکیم کے لیے 300 ارب روپے مختص کرنے کا اعلان

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم شہباز شریف نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کی برآمدات بڑھانے کے لیے ایکسپورٹ فنانس اسکیم میں 300 ارب روپے مختص کرنے کا اعلان کردیا۔ وزیر اعظم سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

جنگ کا خطرہ، امریکی طیارہ بردار بحری جہاز مشرق وسطیٰ پہنچ گیا

واشنگٹن (صباح نیوز) مشرق وسطیٰ میں امریکا نے اپنی بحری طاقت میں مزید اضافہ کردیا جو ہری توانائی سے چلنے والا امریکی طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس تھیوڈور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)


اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے ڈپٹی منسٹر فن لینڈ وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

10 سال میں غیر ملکی فنڈنگ کا کوئی منصوبہ بروقت مکمل نہ ہوسکا، وزیر اعظم برہم

پاکستان گزشتہ ایک دہائی سے ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر کے باعث 0_25 فیصد اضافی چارجز ادا کررہا ہے، ذرائع

ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر پر 25.0 فیصد اضافی سود کی ادائیگی کا انکشاف، ورکنگ گروپس تشکیل


اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف کے ہمراہ وزرائے خارجہ و وفود کے سربراہوں کا گروپ فوٹو

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم شہباز شریف نے غیر ملکی فنڈنگ سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر کے باعث اضافی سود اور چارجز کی ادائیگی پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے، جبکہ منصوبوں میں تاخیر کی وجوہات ختم کرنے کے لیے ورکنگ گروپس تشکیل دے دیے گئے ہیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کو ترقیاتی منصوبوں کی تاخیر سے تکمیل کے حوالے سے رپورٹ پیش کی گئی ہے، جس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ گزشتہ 10 سال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے ایرانی پارلیمنٹ وفد کے سربراہ ملاقات کررہے ہیں

اسحاق ڈار کی سیکا کے سیکریٹری جنرل سے ملاقات، تعاون جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایشیا میں روابط اور اعتماد سازی کے اقدامات سے متعلق کانفرنس (سیکا) کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے مکالمے اور اعتماد سازی کے اقدامات کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسحاق ڈار کا وزرائے خارجہ کے اعزاز میں استقبالی عشائیہ

اقتصادی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا عزم

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اتوار کو اسلام آباد میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہان کے اعزاز میں استقبالی عشائیے کا اہتمام کیا۔ یہ عشائیہ اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کی کونسل آف منسٹرز کے 30ویں اجلاس سے قبل منعقد کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

پاکستان ایران کیساتھ تعلقات مزید مستحکم بنانے کا خواہاں، اسپیکر ایاز صادق

سربراہ ایران۔ پاک پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کی ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مجلس شورائے اسلامی ایران میں قائم ایران۔ پاک پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کے سربراہ فدا حسین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)


اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ایس ایم ای سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بری امام ہاؤس ڈی سیل حکم کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد ہائیکورٹ میں سماعت، بری امام ہاؤس تجاوز قرار دے دیا گیا، دلائل مکمل

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بری امام ہاؤس کو ڈی سیل کرنے کے حکم امتناع کے خلاف کنٹینٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ جسٹس ایاز شوکت نے بری امام ہاؤس کو ڈی سیل کرنے کے حکم امتناع کو ختم کرنے کے لیے سی ڈی اے کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت وکیل درخواست گزار نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

دفعہ 144 کی خلاف ورزی، جے یو آئی کے عہدیداروں کیخلاف مقدمہ درج

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) مردان میں دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر جے یو آئی ضلع کے ایک درجن عہدیداروں کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی۔ دفعہ 144 کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

عبدالعلیم خان کی نئے صوبوں پر ریفرنڈم کی حمایت

ملتان اور بہاولپور سمیت پنجاب میں نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت

ملتان (صباح نیوز) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ہمارا موقف بالکل واضح ہے، ملتان اور بہاولپور سمیت پنجاب میں نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس مقصد کے لیے ریفرنڈم کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

وزیر توانائی سے ترکمانستانی ہم منصب کی ملاقات

دوطرفہ توانائی تعاون، علاقائی گرڈ کنیکٹیویٹی ٹاپ منصوبے پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری سے ترکمانستان کے وزیر توانائی اناگیلدی ساپاروف نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ توانائی تعاون، علاقائی گرڈ کنیکٹیویٹی اور ترکمانستان۔ افغانستان۔ پاکستان (ٹاپ) منصوبے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر اویس لغاری نے ترکمان وزیر توانائی کو کاسا- (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)


وفاقی وزیر علیم خان کو ملتان لودھراں ایکسپریس وے بارے بریفنگ دی جارہی ہے

ایرانی جوہری تنصیبات کا معائنہ جنگ خاتمے سے مشروط

شرائط پوری ہونے تک IAEA کو رسائی نہیں دی جائے گی، نائب وزیر خارجہ

تہران (صباح نیوز) ایران نے امریکہ کے ساتھ جنگ کے نتیجے میں نقصان سے دوچار ہونے والی اپنی جوہری تنصیبات تک بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے معائنہ کاروں کو رسائی دینے سے انکار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جب تک جنگ مستقل طور پر ختم نہیں ہوتی اور ایران کی شرائط پوری نہیں ہوتیں، ان تنصیبات کا معائنہ نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ہلاک دہشتگرد پولیس پر حملے میں ملوث اور افغان شہری نکلا

کے پی کے میں غیر قانونی گولڈ مائننگ اور دہشتگردی کے گٹھ جوڑ کے اہم شواہد سامنے آگئے

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں ٹیرر کرائم گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا۔ پولیس پر حملے میں ملوث مارا گیا دہشتگرد افغان شہری نکلا۔ کے پی کے میں گزشتہ صوبائی حکومت کی سرپرستی میں جاری غیر قانونی گولڈ مائننگ اور دہشتگردی کے گٹھ جوڑ کے اہم شواہد سامنے آگئے۔ 11 نومبر کو کوہاٹ میں غیر قانونی گولڈ مائننگ مافیا کیخلاف کارروائی کے دوران فتنۃ الخوارج کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

حوثیوں کا ڈرون حملہ، سعودی اتحاد کا تباہ کرنیکا دعویٰ

یمن کے حوثی گروپ کا سعودی عرب کے مقدس شہروں پر حملوں میں ملوث ہونے سے انکار

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی قیادت میں قائم اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی نے دعویٰ کیا ہے کہ مدینہ منورہ کے علاقے میں ایک ڈرون کو فضائی دفاعی نظام کے ذریعے روک کر تباہ کردیا گیا ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق ترکی المالکی نے ڈرون کی روک تھام اور تباہی کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ یہ کارروائی مدینہ منورہ کے علاقے میں کی گئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد، چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد بینیفشری خواتین ملاقات کررہی ہیں

ایرانی جوہری تنصیبات کا معائنہ جنگ خاتمے سے مشروط

شرائط پوری ہونے تک IAEA کو رسائی نہیں دی جائے گی، نائب وزیر خارجہ

تہران (صباح نیوز) ایران نے امریکہ کے ساتھ جنگ کے نتیجے میں نقصان سے دوچار ہونے والی اپنی جوہری تنصیبات تک بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے معائنہ کاروں کو رسائی دینے سے انکار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جب تک جنگ مستقل طور پر ختم نہیں ہوتی اور ایران کی شرائط پوری نہیں ہوتیں، ان تنصیبات کا معائنہ نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ہلاک دہشتگرد پولیس پر حملے میں ملوث اور افغان شہری نکلا

کے پی کے میں غیر قانونی گولڈ مائننگ اور دہشتگردی کے گٹھ جوڑ کے اہم شواہد سامنے آگئے

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں ٹیرر کرائم گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا۔ پولیس پر حملے میں ملوث مارا گیا دہشتگرد افغان شہری نکلا۔ کے پی کے میں گزشتہ صوبائی حکومت کی سرپرستی میں جاری غیر قانونی گولڈ مائننگ اور دہشتگردی کے گٹھ جوڑ کے اہم شواہد سامنے آگئے۔ 11 نومبر کو کوہاٹ میں غیر قانونی گولڈ مائننگ مافیا کیخلاف کارروائی کے دوران فتنۃ الخوارج کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

حوثیوں کا ڈرون حملہ، سعودی اتحاد کا تباہ کرنیکا دعویٰ

یمن کے حوثی گروپ کا سعودی عرب کے مقدس شہروں پر حملوں میں ملوث ہونے سے انکار

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی قیادت میں قائم اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی نے دعویٰ کیا ہے کہ مدینہ منورہ کے علاقے میں ایک ڈرون کو فضائی دفاعی نظام کے ذریعے روک کر تباہ کردیا گیا ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق ترکی المالکی نے ڈرون کی روک تھام اور تباہی کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ یہ کارروائی مدینہ منورہ کے علاقے میں کی گئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

4 ماہ میں ملکی برآمدات 11 ارب 37 کروڑ ڈالر کی سطح پر پہنچ گئیں

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومتی معاشی پالیسیوں اور برآمدی شعبے کی حوصلہ افزائی کے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے، پاکستان کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات پاکستان کے اعداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد، 13 سالہ گھریلو ملازمہ کی ہلاکت، تشدد کی ویڈیو مل گئی

پولیس نے ڈنڈے برآمد کرلیے، دو ملزمان کا چار روزہ جسمانی ریمانڈ حاصل

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں مبینہ تشدد سے 13 سالہ گھریلو ملازمہ فاطمہ اصغر کی ہلاکت کے معاملے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، پولیس نے کمسن ملازمہ پر ڈنڈوں سے تشدد کی سی سی ٹی وی ویڈیو حاصل کرلی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے میں دو ملزمان افشاں بی بی اور قاری علی رضا مبینہ طور پر ملوث ہیں، جبکہ کمسن ملازمہ پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

45 سال یا زائد عمر کی غیر شادی شدہ مستحق خواتین کو شامل کیا جائیگا، روبینہ خالد

پروگرام میں ایک کروڑ سے زائد مستفید خاندانوں میں سے تقریباً 50 لاکھ پنجاب سے تعلق رکھتے ہیں

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے بینیفشری خواتین کی ملاقات مسائل سنیں اور متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کی لاہور میں پریس کانفرنس، 45 سال یا زائد عمر کی غیر شادی شدہ مستحق خواتین کو بھی اب پروگرام میں شامل کیا جائیگا؛ ایک کروڑ سے زائد مستفید خاندانوں میں سے تقریباً 50 لاکھ پنجاب سے تعلق رکھتے ہیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ پروگرام کسی ایک سیاسی جماعت کا نہیں بلکہ پاکستان کی غریب عوام کا پروگرام ہے؛ بی آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد، وفاقی وزیر مصدق ملک سے یوٹیسیف واش اینڈ سی ای ٹیم ملاقات کررہی ہے

امیر تبلیغی جماعت حضرت مولانا نذر الرحمٰن انتقال کر گئے

نماز جنازہ کا وقت اور مقام کا اعلان بعد میں کیا جائیگا، مذہبی و سیاسی رہنماؤں کی تعزیت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر تبلیغی جماعت استاذ الحدیث و استاذ العلماء امام التصوف، حضرت مولانا نذر الرحمٰن انتقال کر گئے۔ مولانا نذر الرحمن 2018 سے امیر تبلیغی جماعت کے منصب پر فائز تھے، ان کی نماز جنازہ کے وقت اور مقام کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ مرحوم مولانا نذر الرحمٰن صاحب کا آبائی تعلق تحصیل و ضلع راولپنڈی کے دو افتادہ گاؤں ''بلاول'' سے تھا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

جسٹس صنم خان کو خط، این آر او کی درخواست ہے، فضل

بانی PTI کا چیف جسٹس صاحبان

عمران سیاسی انتقام کے باعث جیل میں نہیں، 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں سزا یافتہ ہیں، ریلیف عدالتوں سے مل سکتا ہے

دوسروں کو این آر او کا طعنہ دینے والے آج خود طلبگار ہیں، سہولیات اور صحت کا خیال حکومت کی ذمہ داری ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے جیل سے چیف جسٹس صاحبان کو جو خط لکھا ہے وہ حقائق کے منافی ہے، یہ خط دراصل این آر او کی درخواست ہے، دوسروں کو این آر او کا طعنہ دینے والے آج خود اس کے طلبگار ہیں۔ پارلیمنٹ چیمبر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو ریلیف صرف عدالتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے فن لینڈ کا وفد ملاقات کررہے ہیں

یمنی فورسز کی پسپائی، حوثیوں نے باب المندب پر کنٹرول حاصل کرلیا

اقدام حوثیوں کے خلاف سعودی حمایت یافتہ فوجی مہم کے لیے ایک بڑا دھچکا قرار

یمن (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن میں سعودی عرب کی حمایت یافتہ حکومتی فورسز نے بحیرہ احمر اور خلیج عدن کو ملانے والی اہم آبی گزرگاہ باب المندب کے قریب اپنے فوجی ٹھکانے خالی کرکے پسپائی اختیار کرلی۔ ایران کے حمایت یافتہ حوثی باغیوں کو اس اہم بحری راستے پر مزید اثر و رسوخ حاصل ہوگیا ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یمنی حکومتی فورسز نے اعلان کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

یمنی فورسز کی پسپائی، حوثیوں کا اثر و رسوخ بڑھنے کا امکان

اسلام آباد (صباح نیوز) یمن میں سعودی عرب کی حمایت یافتہ حکومتی فورسز نے بحیرہ احمر اور خلیج عدن کو ملانے والی اہم آبی گزرگاہ باب المندب کے قریب اپنے فوجی ٹھکانے خالی کرکے پسپائی اختیار کرلی ہے، جس کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

پشاور ہائیکورٹ کو آرٹیکل 199 کے تحت مقدمات کی سماعت کی اجازت

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی عدالت نے گورنر راج اور ایم پی او کیس سے متعلق سماعت کے دوران پشاور ہائیکورٹ کو آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت دیگر مقدمات کی سماعت کی اجازت دے دی ہے۔ عدالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

دوروزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088 / 0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو، بحریہ انکلیو اسلام آباد

نئے صوبوں کی تشکیل، کھلی بحث ہونی چاہیے!

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے ہفتے کے روز وزیرِ اعظم شہباز شریف سے لاہور میں اُن کی رہائشگاہ پر تفصیلی ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سکیورٹی صورتحال سمیت درپیش قومی چیلنجوں سے نبٹنے پر مشاورت ہوئی۔ وزیرِ اعظم نے صدرِ مملکت کو اپنے حالیہ دورہ ترکیہ اور عالمی ماحولیاتی کانفرنس (کاپ۔31) میں اپنی شرکت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اِس عزم کا اظہار کیا کہ ملک میں پائیدار معاشی استحکام کے حصول، اَمن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے اور ترقیاتی عمل کی رفتار تیز کرنے کے لئے تمام اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں ملک بھر میں جاری عوامی فلاحی منصوبوں پر پیشرفت اور آئینی وقانونی امور سمیت بجٹ ترجیحات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے حکومتی اتحادی جماعتوں کے درمیان باہمی تعاون، سیاسی ہم آہنگی اور مشاورت کے تسلسل کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور یقین دہانی کرائی کہ ملکی ترقی اور معاشی استحکام کے لئے تمام اتحادی جماعتیں باہمی تعاون کے ساتھ اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہیں گی۔ بعض میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر زرداری نے اِس موقع پر دوٹوک انداز میں واضح کیا کہ پیپلز پارٹی کا مؤقف سندھ اسمبلی کی اُس متفقہ قرارداد کے عین مطابق ہے جو سندھ میں کسی نئے صوبے کے قیام کو رَدّ کرتی ہے۔ بعض تجزیہ کاروں کے مطابق اُنہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ اِس سمت میں اٹھایا جانے والا کوئی بھی قدم آئین میں بیان کردہ طریقہ کار کی سختی سے پابندی کا متقاضی ہے۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے بھی اِس آئینی مؤقف سے اتفاق کیا کہ نئے صوبوں کے قیام کے لئے آئینی دفعات کی پابندی ناگزیر ہے۔ دونوں رہنما اِس نکتے پر بھی متفق تھے کہ ریفرنڈم منعقد کرانے یا عوام کے سامنے رکھے جانے والے سوالات طے کرنے کے معاملے میں پارلیمنٹ کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جانا چاہئے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں طے پایا کہ پارلیمنٹ کی اکثریت ہی یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا ریفرنڈم ہونا چاہئے یا نہیں۔ ملاقات میں وفاقی حکومت اور اتحادی جماعتوں کے اہم رہنما بھی شریک ہوئے۔

نئے صوبوں کی تشکیل کے حوالے سے ملک میں جو ماحول بنا ہوا ہے اِس تناظر میں سیاسی ملاقاتیں اور مشاورتیں اہم پیشرفت سمجھی جا رہی ہیں۔ تین روز پہلے وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے نوابشاہ میں صدرِ مملکت سے ملاقات بھی کی تھی۔ اِس ملاقات کے بعد میڈیا میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ صدرِ مملکت اور وزیرِ داخلہ کے درمیان نئے صوبوں کی تشکیل سے متعلق افہام و تفہیم ہو چکی ہے تاہم اِس کی ایوانِ صدر نے فی الفور تردید کرتے ہوئے واضح کیا تھا کہ یہ ملاقات ملک کی مجموعی سلامتی کی صورتحال سے متعلق تھی اور اِس میں صوبوں کے حوالے سے گفتگو مطلوب نہیں تھی تاہم اِس تردید کے بعد بھی بحث جاری رہی۔ واضح رہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اپنے روایتی مؤقف پر سختی سے قائم ہے اور اِس کا برملا اظہار بھی کرتی ہے تاہم حکمران اتحاد میں شامل دیگر جماعتوں اور حلقوں میں نئے صوبوں کی تشکیل سے متعلق مختلف آراء موجود ہیں جو وقتاً فوقتاً سامنے آتی رہتی ہیں جیسا کہ وزیرِ دفاع خواجہ آصف نے پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے پیشِ نظر 12 نئے صوبوں کی تشکیل کا عندیہ دیا تھا۔ دوسری جانب وزیرِ داخلہ محسن نقوی متعدد بار اپنا مؤقف دے چکے ہیں لیکن آخری پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا تھا کہ جو بھی ہوگا سب کی مرضی اور منشاء سے ہوگا۔ اُن کا یہ بھی کہنا تھا کہ عوامی منشاء جاننے کے لئے ریفرنڈم کرانا چاہئے۔ اِس بیانیے کو ایک حالیہ سروے کے نتائج آنے کے بعد مزید تقویت مل رہی ہے، اِس کے مطابق 70 فیصد سے زائد شہریوں نے نئے صوبوں کی تشکیل پر زور دیا ہے۔

نئے صوبوں کی تشکیل کی بات نئی نہیں ہے بلکہ یہ خاصا پرانا موضوع ہے۔ اگر کوئی عملی پیشرفت مقصود ہے تو اُس کے لئے آئینی اور جمہوری طریقہ کار ہی اپنانا ہوگا۔ ضروری ہے کہ سب سے پہلے پارلیمان میں ایک آل پارٹیز کمیٹی تشکیل دی جائے جو سنجیدہ تر مشاورت کے بعد فیصلہ کرے کہ اگر نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے تو اِس کے لئے کیا لائحہ عمل ہونا چاہئے۔ ریفرنڈم کے ذریعے اگر سیاسی جماعتوں پر اخلاقی دباؤ ڈالنا مقصود ہے تو بھی آئین کے دائرے میں رہ کر ہی کام کرنا ہوگا۔ آئین حرفِ آخر نہیں ہے، اِس میں ترمیم ہو سکتی ہے اور ہوتی بھی رہی ہے لیکن اِس کے ساتھ یکطرفہ چھیڑ چھاڑ سے گریز لازم ہے۔ نئے صوبوں کی تشکیل ایک اہم مسئلہ ہے، اس پر کھلی بحث ہونی چاہئے، یہ بات سمجھنا لازم ہے کہ فیصلے پارلیمان میں بیٹھ کو دستور میں بیان کردہ طریقے کے مطابق ہونا چاہئیں۔

ملکی صنعتی تاریخ کا رُخ بدلنے کی صلاحیت!

جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں دو روزہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026ء کا انعقاد ہوا جس میں پاکستانی اور بین الاقوامی کمپنیوں کے درمیان 13 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے جبکہ جیو پورٹل کا افتتاح بھی کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ اعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا کہ ملکی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی کے سفر پر گامزن ہے اور پاکستان 2050ء سے بھی پہلے دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہو جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ قیمتی معدنی وسائل کو خام شکل میں بیرونِ ملک بھیجنے کا سلسلہ بند کر کے انہیں مقامی صنعتوں کے لئے بروئے کار لایا جائے گا کیونکہ پاکستان صرف خام معدنیات نکالنے کے بجائے انہیں ملک ہی میں پراسیس اور تیار کر کے برآمد کرنے کا خواہاں ہے۔ ریکوڈک منصوبے کا حوالہ دیتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ تانبے اور سونے کے یہ عالمی معیار کے ذخائر دو دہائیوں تک تعطل کا شکار رہنے کے بعد اب عملی تکمیل اور آپریشنل مرحلے کی طرف بڑھ رہے ہیں جن سے بلوچستان کے عوام کے لئے روزگار، ہنرمندی اور معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیرِ اعظم نے مزید کہا کہ قدرتی وسائل سے استفادہ کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور عوامی خوشحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے جس کیلئے مساوی و منصفانہ شراکت داری، سرمایہ کاروں کو یکساں مواقع اور پالیسیوں کا تسلسل فراہم کرنے کے لئے اہم معاہدات اور اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ معدنی شعبے کے فروغ کے لئے وفاق اور صوبے مل کر کام کریں گے۔ فورم سے خطاب کرتے ہوئے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے اور اِس دولت کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہمارا اجتماعی قومی مقصد ہے۔ اُنہوں نے زور دیا کہ اِس مقصد کے حصول کیلئے مربوط حکمت عملی اپناتے ہوئے خام مال کی برآمد کے بجائے ریفائننگ، پراسیسنگ اور مینوفیکچرنگ سمیت مکمل ویلیو چین کو فروغ دینا ہوگا تاکہ صنعتی سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو سکیں۔ فیلڈ مارشل کا کہنا تھا کہ معدنی ترقی کا حقیقی فائدہ اُسی وقت ممکن ہے جب وسائل سے بھرپور علاقوں کی مقامی آبادیاں اِس عمل میں شریک ہوں اور انہیں اپنی زندگیوں میں ٹھوس و مثبت تبدیلی واضح طور پر نظر آئے۔ اُنہوں نے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ ایسی طویل المدتی شراکت داریوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا جو پائیدار معاشی قدر کا باعث بنیں۔ پاکستانی عوام کی محنت، صلاحیت اور عزم کو سراہتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ قدرتی وسائل مواقع فراہم کرتے ہیں مگر انہیں عملی نتائج میں بدلنے کے لئے عوام کا عزم بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ آخر میں انہوں نے اِس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پاکستان کو اب صلاحیت سے پیداوار، وعدوں سے عملی اقدامات اور خام برآمدات سے ویلیو ایڈڈ معاشی ترقی کی جانب بڑھنا ہوگا کیونکہ معدنی شعبے کی ترقی کو قومی معیشت کے استحکام، صنعتی فروغ اور عوامی خوشحالی کا ذریعہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔



موجودہ عالمی منظرنامے میں دنیا کے بیشتر ممالک معدنی شعبے میں براہِ راست سرمایہ کاری کے ذریعے اپنی معیشتوں کو بہتر کر رہے ہیں جس کے گہرے اور مثبت اثرات عام آدمی کی زندگیوں پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ پاکستان کا شمار دنیا کے اُن خوش نصیب ملکوں میں ہوتا ہے جو متنوع اور نایاب معدنی دولت سے مالا مال ہیں۔ ملک کے چاروں صوبوں میں قدرت نے بیش قیمت خزانے چھپا رکھے ہیں بالخصوص بلوچستان کے ضلع چاغی میں تقریباً 25 ہزار میٹرک ٹن کے بعد کم از کم آٹھ ذخائر میں تانبے اور سونے کی موجودگی تصدیق شدہ ہے۔ اِس کے علاوہ گلگت بلتستان میں بیتھیم، ٹن اور ٹنگسٹن، خیبر پختونخوا میں ایٹمی منی اور بنیادی دھاتیں، پنجاب کے کوہستان نمک (بشمول کھیوڑہ اور کالا باغ) میں وسیع نمک اور لوہے کے ذخائر جبکہ شمالی علاقوں میں زمرد، یاقوت، زبرجد، پکھراج، ٹورملین اور لعل جیسے قیمتی اور نیم قیمتی پتھر موجود ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں اب تک لگ بھگ 92 مختلف معدنیات دریافت ہو چکی ہیں جن میں سے 52 پر اِس وقت تجارتی بنیادوں پر کام جاری ہے۔

اُن ممالک کی معاشی تقدیر بدل گئی ہے جہاں معدنیات کے ذخائر دریافت ہوئے کیونکہ اِس کی برآمد سے کم ترین وقت میں معیشت کو نفع حاصل ہوتا ہے۔ چین نے افریقہ میں سرمایہ کاری کر کے وہاں کے خام معدنیات کو ریفائن کیا اور آج عالمی ریفائننگ مارکیٹ کے لگ بھگ 70 فیصد حصے پر اُس کی اجارہ داری میں ہے، اِس سے نہ صرف چینی معیشت کو بے پناہ استحکام ملا بلکہ افریقی ممالک کی معاشی حالت بھی کچھ بہتری آئی تاہم زیادہ فائدہ اسی صورت میں ممکن ہوتا ہے جب معدنیات کے دریافت ہونے کے بعد ریفائنڈ حالت میں دھاتوں کو ایک ملک سے دوسرے ملک میں بھیجا جاتا ہے۔ انڈونیشیا نے دنیا میں سب سے زیادہ نِکل پیدا کرنے کے بعد خام برآمد پر پابندی لگائی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو اپنے ہاں ریفائنریز لگانے پر مجبور کیا جس کے نتیجے میں آج عالمی نِکل مارکیٹ کا 43 فیصد حصہ وہیں تیار ہو کر دنیا کی منڈی میں جا رہا ہے اور مقامی لوگ فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ ایسا ہی سعودی عرب میں بھی دیکھنے میں آیا جہاں تیل کی دولت نے عرب ممالک کی تقدیر بدل ڈالی ہے۔ آسٹریلیا کا بیتھیم کی تجارت میں غلبہ، چلی اور پیرو کی معیشت کا تانبے کی عالمی قیمتوں پر، کانگو کا کوبالٹ کی بدولت خطے میں تیز رفتار اُبھار اور بوسٹوانا کی کل معیشت کا 25 فیصد ہیرے کی کانوں سے وابستہ ہونا اِس بات کا ثبوت ہے کہ معدنی دولت کو "ویلیو ایڈڈ" شکل میں ڈھالنا معیشت کی رفتار کو کئی گنا بڑھا دیتا ہے۔

وزیرِ اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے خطابات کا مرکزی محور یہی نکتہ تھا کہ پاکستان کی معدنی دولت اور نفع پر پہلا حق پاکستانی عوام کا ہے۔ پاکستان کا یہ عزم کہ وہ اب خام معدنیات کو محض بیرونِ ملک بھیجنے کے بجائے ملک کے اندر ہی ریفائننگ، پراسیسنگ اور مینوفیکچرنگ کے مراحل طے کرے گا، ملکی صنعتی تاریخ کا رُخ بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

دروازہ کھلنے کا انتظار!

صدر آصف علی زرداری کا وزیرِ اعظم شہباز شریف سے ملاقات کے لئے ماڈل ٹاؤن لاہور جانا معمول کی بات نہیں، دونوں شخصیات کا مسکن اسلام آباد میں ہے، مگر دونوں نے اسلام آباد سے دور لاہور ہی ملاقات کا فیصلہ کیوں کیا؟ پھر یہ پروٹوکول سے بھی ہٹ کر ہے کہ صدرِ مملکت وزیرِ اعظم سے ملنے جائیں، عموماً وزیرِ اعظم ہی صدر کو ملنے جاتے ہیں، سو یہ انہونیاں اگر ہو رہی ہیں تو ان کے پیچھے کوئی بات تو ہے۔ محسن نقوی جب سے صدر آصف علی زرداری کو مل کر آئے ہیں، افواہیں بھی گرم ہیں اور چہ میگوئیاں بھی ہو رہی ہیں، یہ سب کچھ صرف اٹھارویں ترمیم یا نئے صوبوں کے قیام کی وجہ سے ہو رہا ہے یا اس کے پیچھے نیا سیٹ اَپ لانے کی کوئی سرگرمی بھی چل رہی ہے۔ ہونے تو نئے انتخابات چاہئیں کیونکہ چہرے بدلنے سے کچھ نہیں ہوگا۔ نجم سیٹھی نے اپنے پروگرام میں جب سے کہا ہے مریم نواز ملک کی وزیرِ اعظم بننا چاہتی ہیں اور اس سے کم پر راضی نہیں تو سوال در سوال کی صورتِ حال پیدا ہو جاتی ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری بھلے سب پر بھاری ہیں مگر اِس وقت اُن کے پاس چوائس کیا ہے، کیا وہ حرفِ انکار زبان پر لا سکتے ہیں۔ کیا انہیں اتنا یقین ہے کہ یہ سیٹ اَپ گیا تو اُن کے سارے مفادات بچ جائیں گے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج کی ایڈوائس پر دستخط کر کے وہ اتنا تو جان ہی چکے ہیں کہ دہری اکثریت کا مینڈیٹ بھی حاصل ہو تو پانی کا بلبلہ ثابت ہوتا ہے۔ خیبر پختونخوا کی حکومت کے ساتھ تو عوام کی ہمدردیاں بھی تھیں، سندھ حکومت گئی تو اب سندھ کارڈ بھی نہیں چل سکے گا۔ صدر کی وزیرِ اعظم سے اس موقع پر ملاقات، آمل کر کریں عندلیب آہ و زاریاں، تبھی لگتی ہے۔ یہ آشیانہ کس قدر شاخِ نازک پر بنا ہوا ہے، اس کا اندازہ اس بات سے کیجئے کہ تحریک انصاف کے کارکنوں یا رہنماؤں کو رہائی ملتی ہے تو شور اُٹھتا ہے کپتان سے ڈیل ہو گئی ہے۔ عمران خان کی دو بہنیں رہا ہوئیں تو اسے بھی کسی ممکنہ تبدیلی سے جوڑا گیا۔ علیمہ خان رہا نہیں ہوئیں تو تھوڑا سا گمان رہ گیا، بات ابھی پوری طرح بنی نہیں۔ عمران خان سے اڈیالہ جیل میں دو وکلاء کی ملاقات ہوئی تو خبروں کا تانتا بندھ گیا۔ سب سے اہم خبر یا افواہ یہ تھی کہ عمران خان نے نئے صوبوں کی حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ بادی النظر میں دیکھا جائے تو وہ ایسا کر بھی سکتے ہیں۔ خیبر پختونخوا کی حکومت ختم ہونے کے بعد انہیں اب کسی صوبے کے چھن جانے کا کوئی ڈر بھی نہیں بلکہ دوسری طرف پنجاب اور سندھ میں اگر نئے صوبے بنتے ہیں تو مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے ہاتھ سے صوبے نکل جائیں گے جو مسلم لیگ (ن) کی نسبت زیادہ مشکل صورتِ حال کا شکار ہے۔ مسلم لیگ (ن) نے پنجاب میں اپنے آپ کو زندہ رکھا ہوا ہے۔ مریم نواز بھی پوری کوشش کر رہی ہیں تحریک انصاف کی متبوعیت کم کر کے مسلم لیگ (ن) کو کھویا ہوا مقام دلایا جائے۔ مسلم لیگ (ن) پنجاب میں نظر آ رہی ہے جبکہ دوسری طرف پیپلز پارٹی پنجاب سے یکسر آؤٹ ہو چکی ہے۔ حالت یہ ہے کہ ملتان جیسے شہر میں جہاں گیلانی خاندان کے پاس اسمبلی کی چار نشستیں اور سینیٹ کی چیئرمین شپ ہے۔ عوامی بہبود کا ایک بھی کام نہیں کرایا جا سکا۔ پنجاب حکومت کے جتنے کام ہیں وہ بالا بالا ہو رہے ہیں حقیقت یہ بھی ہے کہ خود سید یوسف رضا گیلانی ملتان میں تعینات افسروں سے پوچھ رہے ہوتے ہیں، کون سے ترقیاتی کاموں کی منظوری ہوئی ہے۔ مریم نواز نے کتنے فنڈز مختص کئے ہیں۔

2024ء کے انتخابات میں متنازعہ انتخابی نتائج کے باوجود حکومتیں قبول کر کے دونوں جماعتوں نے جو فیصلہ کیا تھا وہ اب اُن کے لئے ایک مشکل صورتِ حال کو جنم دے رہا ہے۔ اُن کیلئے عمران خان کی رہائی یا پھر اُن سے ڈیل بھی ایک ڈراؤنا خواب ہے، جب 26ویں اور 27ویں ترامیم ہو گئیں تو اب اٹھائیسویں کو ٹالنا کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔ صورتِ حال خاصی گمبھیر ہے اور کہا جا رہا ہے اسی نومبر میں بہت کچھ ہو سکتا ہے۔ جب تاریخ میں ایسے مواقع آتے ہیں تو نہ چاہتے ہوئے بھی جرأت مندانہ فیصلے کرنے پڑتے ہیں، پہلے بھی متعدد مرتبہ انہی کالموں میں لکھا گیا ہے کہ سیاسی جماعتوں کو مل کر کسی قومی ایجنڈے پر متفق ہونا چاہئے۔ کیا یہ بات حیران کن نہیں کہ صدر اور وزیرِ اعظم تو آپس میں مل رہے ہیں لیکن اپوزیشن سے ملنے کی ضرورت محسوس نہیں کر رہے۔ ایک بے یقینی ہے جس نے سارے منظرنامے کو لپیٹ میں لے رکھا ہے اس صورتِ حال سے نکلنے کا کوئی راستہ کھلا ہے یا سب بند ہو چکے ہیں، دروازہ کھلنے کی منتظر ہے نگاہ۔



ان کہی

نسیم شاہد

nasimshahid7@hotmail.com

اُن کی سیاست کے لئے ایک بڑا دھچکا ثابت ہوں گے۔

اگر اس خبر کو جس میں پنجاب میں تبدیلی کی باتیں ہو رہی ہیں، اُس خبر سے ملا کر پڑھا جائے جس میں مریم نواز کے وزیرِ اعظم بننے کا تذکرہ ہے تو امکان کا گمان ہوتا ہے کیونکہ فی الوقت مریم نواز کی موجودگی میں پنجاب میں تبدیلی ممکن نظر نہیں آتی۔ ملک محمد خان سپیکر پنجاب اسمبلی خود اپنے ایک انٹرویو میں کہہ چکے ہیں، اُن کے لیڈر نواز شریف ہیں، وہ اُن کے پیچھے چٹان کی طرح کھڑے ہیں اب ایسے میں جو لوگ چودھری پرویز الٰہی اور ملک محمد خان کے پنجاب میں سیٹ اَپ سنبھالنے کی افواہیں چھوڑتے ہیں وہ شاید کسی ایجنڈے پر ہیں۔ پیپلز پارٹی میرے نزدیک مسلم لیگ (ن) کی نسبت زیادہ مشکل صورتِ حال کا شکار ہے۔ مسلم لیگ (ن) نے پنجاب میں اپنے آپ کو زندہ رکھا ہوا ہے۔ مریم نواز بھی پوری کوشش کر رہی ہیں تحریک انصاف کی متبوعیت کم کر کے مسلم لیگ (ن) کو کھویا ہوا مقام دلایا جائے۔ مسلم لیگ (ن) پنجاب میں نظر آ رہی ہے جبکہ دوسری طرف پیپلز پارٹی پنجاب سے یکسر آؤٹ ہو چکی ہے۔ حالت یہ ہے کہ ملتان جیسے شہر میں جہاں گیلانی خاندان کے پاس اسمبلی کی چار نشستیں اور سینیٹ کی چیئرمین شپ ہے۔ عوامی بہبود کا ایک بھی کام نہیں کرایا جا سکا۔ پنجاب حکومت کے جتنے کام ہیں وہ بالا بالا ہو رہے ہیں حقیقت یہ بھی ہے کہ خود سید یوسف رضا گیلانی ملتان میں تعینات افسروں سے پوچھ رہے ہوتے ہیں، کون سے ترقیاتی کاموں کی منظوری ہوئی ہے۔ مریم نواز نے کتنے فنڈز مختص کئے ہیں۔

2024ء کے انتخابات میں متنازعہ انتخابی نتائج کے باوجود حکومتیں قبول کر کے دونوں جماعتوں نے جو فیصلہ کیا تھا وہ اب اُن کے لئے ایک مشکل صورتِ حال کو جنم دے رہا ہے۔ اُن کیلئے عمران خان کی رہائی یا پھر اُن سے ڈیل بھی ایک ڈراؤنا خواب ہے، جب 26ویں اور 27ویں ترامیم ہو گئیں تو اب اٹھائیسویں کو ٹالنا کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔ صورتِ حال خاصی گمبھیر ہے اور کہا جا رہا ہے اسی نومبر میں بہت کچھ ہو سکتا ہے۔ جب تاریخ میں ایسے مواقع آتے ہیں تو نہ چاہتے ہوئے بھی جرأت مندانہ فیصلے کرنے پڑتے ہیں، پہلے بھی متعدد مرتبہ انہی کالموں میں لکھا گیا ہے کہ سیاسی جماعتوں کو مل کر کسی قومی ایجنڈے پر متفق ہونا چاہئے۔ کیا یہ بات حیران کن نہیں کہ صدر اور وزیرِ اعظم تو آپس میں مل رہے ہیں لیکن اپوزیشن سے ملنے کی ضرورت محسوس نہیں کر رہے۔ ایک بے یقینی ہے جس نے سارے منظرنامے کو لپیٹ میں لے رکھا ہے اس صورتِ حال سے نکلنے کا کوئی راستہ کھلا ہے یا سب بند ہو چکے ہیں، دروازہ کھلنے کی منتظر ہے نگاہ۔

کیا آزاد کشمیر صوبہ بننے جا رہا ہے؟

میرا ماننا ہے کہ سوشل میڈیا اور بعض پرنٹ میڈیا آؤٹ لیٹس میں آئینی ترمیم کے ذریعے آزاد جموں و کشمیر کو پاکستان کا صوبہ بنانے کے حوالے سے پھیلائی جانے والی افواہیں بے بنیاد اور گمراہ کن ہیں۔ پاکستان نے 5 اگست 2019 کے بھارت کے اس یکطرفہ فیصلے کو ہمیشہ مسترد کیا ہے جس کے تحت بھارت کے غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی گئی تھی، کیونکہ یہ بین الاقوامی اصولوں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہے۔ آزاد جموں و کشمیر کو صوبہ بنانا پاکستان کی دیرینہ کشمیر پالیسی کے منافی ہوگا، اس کی بین الاقوامی ساکھ کو کمزور کرے گا اور بھارت کو پاکستان کے مؤقف کو چیلنج کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ اس طرح کی بڑی آئینی تبدیلی کے لیے قانونی مشاورت، سیاسی اتفاق رائے، انتظامی و مالی منصوبہ بندی اور آزاد جموں و کشمیر کے عوام کی رضامندی درکار ہوگی۔ یہ کام خفیہ طور پر یا راتوں رات نہیں ہو سکتا۔ آزاد جموں و کشمیر کی پہلے ہی اپنی اسمبلی، حکومت، عدالتیں اور ادارے موجود ہیں جبکہ پاکستان کے ساتھ اس کے مضبوط سیاسی، سماجی، معاشی اور خاندانی روابط برقرار ہیں۔ یہاں کے لوگ پاک فوج میں خدمات انجام دیتے ہیں، قومی اداروں میں کام کرتے ہیں، پاکستانی جامعات میں تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ملک کی معیشت میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔ میرا ماننا ہے کہ اس نظام کو چھیڑنے کی کوئی منطقی وجہ نہیں ہے جبکہ پاکستان کا اصل مقصد اور عزم کشمیری عوام کی امنگوں، ان کے حقِ خودارادیت اور آزادانہ و منصفانہ استصوابِ رائے کے ذریعے تنازعہ کشمیر کا حل ہی ہے۔ پاکستان نے اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (OIC) اور دیگر بین الاقوامی فورمز پر ہمیشہ اس مؤقف کا دفاع کیا ہے۔ آزاد جموں و کشمیر کی آئینی حیثیت میں کسی بھی تبدیلی کے لیے عوامی شمولیت، اس کی اسمبلی میں بحث اور قومی سیاسی اتفاق رائے بھی ضروری ہوگا۔ پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے جاری مباحثہ اور گلگت بلتستان سے متعلق آئینی سوالات اس طرح کے فیصلوں کی حساسیت اور پیچیدگی کو واضح طور پر ظاہر کرتے ہیں۔ اس بات کی کوئی مصدقہ سرکاری تصدیق موجود نہیں ہے کہ پاکستان آزاد جموں و کشمیر کو صوبہ بنانے کا ارادہ رکھتا ہے اور کسی بھی باضابطہ اعلان کی عدم موجودگی ان افواہوں کو مزید کمزور کرتی ہے۔ میرا یہ بھی ماننا ہے کہ ان افواہوں کو آزاد جموں و کشمیر کے عوام اور پاکستان، بالخصوص پاک فوج کے درمیان بدگمانی، خوف اور تقسیم پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عوامی حمایت کھو دینے والی کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی اور قوم پرست عناصر دوبارہ توجہ حاصل کرنے اور سیاسی دباؤ بڑھانے کے لیے اس طرح کے تنازعات سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اسی طرح کے ہتھکنڈے وہ گروہ بھی استعمال کرتے ہیں جو اپنے سیاسی مقاصد کے حصول میں ناکامی پر احتجاج اور ایجی ٹیشن کا سہارا لیتے ہیں۔ تاہم، آزاد جموں و کشمیر کے عوام کی روزمرہ زندگی، بشمول ان کے اسکول، بازار، دفاتر اور کاروبار، امن، ترقی، استحکام اور تنازعہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ان کی خواہش کی عکاسی کرتے ہیں۔ جن چند پرنٹ میڈیا اداروں نے یہ دعوے پھیلائے وہ کوئی دستاویزی ثبوت فراہم کرنے میں ناکام رہے، جبکہ بعض سوشل میڈیا صارفین نے غیر مصدقہ اسکرین شاٹس، من گھڑت بیانات اور گمراہ کن ویڈیوز کو مزید پھیلایا۔ میرا ماننا ہے کہ ہر کسی کو یہ سمجھنا چاہیے کہ سوشل میڈیا ٹرینڈ حکومتی پالیسی نہیں ہوتا، کوئی افواہ آئینی فیصلہ نہیں ہوتی اور بار بار کہے جانے والے دعوے حقائق نہیں بن جاتے۔ میڈیا اور عوام کو چاہیے کہ وہ حساس دعووں کو شیئر کرنے سے پہلے معلومات کی تصدیق کرے اور قابلِ اعتماد سرکاری ذرائع سے رجوع کر کے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ آزاد جموں و کشمیر کے عوام اپنے حقوق سے پوری طرح باخبر ہیں اور ان کے مستقبل سے متعلق کسی بھی فیصلے میں ان کی بامعنی رائے شامل ہونی چاہیے۔ ان کی رضامندی کے بغیر ان کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوئی بھی کوشش ناقابلِ قبول ہوگی۔ مسئلہ کشمیر پر پاکستان کا مؤقف اقوام متحدہ کی قراردادوں، حقِ خودارادیت اور خطے کی حیثیت میں یکطرفہ تبدیلیوں کی مخالفت پر مبنی ہے۔ آزاد جموں و کشمیر کو صوبے میں تبدیل کرنا اس مؤقف کو نقصان پہنچائے گا، سفارتی ساکھ کو مجروح کرے گا اور بھارت کو کشمیر کاز کے خلاف ایک دلیل فراہم کرے گا۔ میرا پختہ یقین ہے کہ پاکستان اس مرحلے پر ایسا کوئی قدم اٹھانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا اور یہ افواہیں آزاد جموں و کشمیر اور پاکستان کے درمیان موجودہ اتحاد کو کمزور کرنے کے لیے پھیلائی جا رہی ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر کے عوام پاکستان کے ساتھ اپنے رشتے کی اہمیت کو سمجھتے ہیں، جس کی جھلک ان کی روزمرہ زندگی، مشترکہ مفادات، خاندانی تعلقات اور کشمیر کاز کے لیے دی گئی قربانیوں میں نظر آتی ہے۔ ہمیں جھوٹے پروپیگنڈے یا سیاسی مقاصد پر مبنی ایجنڈوں کو اپنے عوام کے درمیان نفرت، بداعتمادی یا عدم استحکام پیدا کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ میں اس افواہ کے وقت کے بارے میں بھی کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ یہ کسی بے ترتیب لمحے میں سامنے نہیں آئی۔ یہ ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب پاکستان کا سیاسی منظرنامہ ہنگامہ خیز ہے۔ حکومت معاشی چیلنجز میں مصروف ہے۔ اپوزیشن اپنی مہمات میں مصروف ہے۔ بین الاقوامی منظرنامہ حساس ہے۔ ایسے لمحات میں افواہوں کو جگہ مل جاتی ہے کیونکہ توجہ بٹی ہوئی ہوتی ہے۔ افواہ ساز یہ بات جانتے ہیں۔ وہ اپنے لمحات کا انتخاب بڑی احتیاط سے کرتے ہیں۔ وہ دوسرے مسائل کے شور کا انتظار کرتے ہیں تاکہ ان کے اپنے معاملے پر پردہ پڑا رہے۔ وہ اپنی چھوٹی سی آگ اس وقت لگاتے ہیں جب فائر بریگیڈ کہیں اور مصروف ہو۔ لیکن یہ وقت ہمیں کچھ اور بھی بتاتا ہے۔ یہ ہمیں بتاتا ہے کہ یہ افواہ محض ایک حادثہ نہیں ہے۔ یہ ایک منصوبہ بند عمل ہے۔ یہ کم سے کم محنت سے زیادہ سے زیادہ انجمن پیدا کرنے کی ایک دانستہ کوشش ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں اسے پروپیگنڈا کہتا ہوں نہ کہ محض ایک سادہ غلطی۔ جب حقائق سامنے آتے ہیں تو غلطی کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ جب حقائق واضح ہوں تب بھی پروپیگنڈا دہرایا جاتا ہے۔ خود یہ تکرار ہی حکمتِ عملی ہے۔ اس کا مقصد لوگوں کو حقائق سے بیزار کرنا ہے۔ اس کا مقصد لوگوں سے یہ کہلوانا ہے کہ "اس میں ضرور کوئی نہ کوئی سچائی ہوگی"۔ اس کا مقصد آہستہ آہستہ اعتماد کو ٹھیس پہنچانا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں چوکنا رہنا چاہیے۔ ہمیں اس افواہ کو وہ جگہ نہیں دینی چاہیے جس کی یہ متلاشی ہے۔ جیسا کہ میں نے کہا، موجودہ ماحول ایسے کسی بھی فیصلے کے لیے سازگار نہیں ہے۔ معیشت دباؤ کا شکار ہے۔ سیاسی منظرنامہ بہت سے

ہیں۔

تصویر نمبر 1

تصویر نمبر 2

تصویر نمبر 3

تصویر نمبر 4

تصویر نمبر 5

تصویر نمبر 6

تصویر نمبر 7

تصویر نمبر 8

تصویر نمبر 9

تصویر نمبر 10

تصویر نمبر 11

تصویر نمبر 12

تصویر نمبر 13

تصویر نمبر 14

تصویر نمبر 15

تصویر نمبر 16

تصویر نمبر 17

تصویر نمبر 18

تصویر نمبر 19

تصویر نمبر 20

تصویر نمبر 21

تصویر نمبر 22

تصویر نمبر 23

تصویر نمبر 24

تصویر نمبر 25

تصویر نمبر 26

تصویر نمبر 27

تصویر نمبر 28

تصویر نمبر 29

تصویر نمبر 30

تصویر نمبر 31

تصویر نمبر 32

تصویر نمبر 33

تصویر نمبر 34

تصویر نمبر 35

تصویر نمبر 36

تصویر نمبر 37

تصویر نمبر 38

تصویر نمبر 39

تصویر نمبر 40

تصویر نمبر 41

تصویر نمبر 42

تصویر نمبر 43

تصویر نمبر 44

تصویر نمبر 45

تصویر نمبر 46

تصویر نمبر 47

تصویر نمبر 48

تصویر نمبر 49

تصویر نمبر 50

تصویر نمبر 51

تصویر نمبر 52

تصویر نمبر 53

تصویر نمبر 54

تصویر نمبر 55

تصویر نمبر 56

تصویر نمبر 57

تصویر نمبر 58

تصویر نمبر 59

تصویر نمبر 60

تصویر نمبر 61



چیئرمین سربراہ عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ بابر ہاشمی اوران کی کابینہ کو تقرری کا نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

لوگ موجودہ حکومت کی پالیسیوں سے تنگ ہیں، خاقان خواجہ

این اے 47 کے تمام نئے عہدے داروں میں تقرری کے نوٹیفکیشن تقسیم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ اسلام آباد کے تینوں حلقوں میں سب سے زیادہ ہمارے امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے ہیں ۔جو اس بات کا ثبوت ہے کہ لوگ موجودہ حکومت کی پالیسیوں سے تنگ ہیں اور وہ نئی جماعت کو موقع دینا چاہتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے این اے 47 کے صدر بابر ہاشمی کی جانب سے مرکزی دفتر کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر انہوں نے این اے 47 کے تمام نئے عہدے داروں کو تقرری کے نوٹیفکیشن بھی دیے۔ اس موقع پر ایک بڑی تقریب ہوئی۔ جس میں بہت سارے لوگوں نے پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ جبکہ ایمبلیمس سکول سسٹم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

صدر زرداری کی شہباز شریف فیلڈ مارشل کو مبارکباد

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو دنیا کے 500 بااثر ترین مسلمانوں کی فہرست میں شامل ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو اردن کے رائل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



کراچی، معروف فنکارہ سیمہ کرمانی و دیگر آرٹس کونسل آف پاکستان میں سجے کلچر فیسٹیول میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہی ہیں

غزہ، مزید 3 فلسطینی شہید، اسرائیلی فوجی جیپ نے 2 شہری کچل دیئے


دو فلسطینی جنوبی غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملے کا نشانہ بنے جبکہ تیسرا زخمی ہونے کے بعد ہسپتال میں دم توڑ گیا

مقبوضہ مغربی کنارے کے شمالی شہر جنین کے قریب اسرائیلی فوجی جیپ نے موٹر سائیکل سوار دو فلسطینی شہریوں کو روند ڈالا

غزہ، مقبوضہ مغربی کنارا (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ کی پٹی میں اسرائیلی فوج کے فضائی اور ڈرون حملوں کے نتیجے میں مزید 3 فلسطینی ہلاک ہوگئے، جبکہ متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں۔طبی ذرائع کے مطابق دو فلسطینی جنوبی غزہ میں رخ کے قریب اسرائیلی ڈرون حملے کا نشانہ بنے، جبکہ تیسرا شہری گزشتہ حملے میں زخمی ہونے کے بعد ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ترک خبر رساں ادارے اناد ولو کے مطابق یہ واقعات اتوار، 15 نومبر 2026ء کو پیش آئے، جبکہ ان کی تفصیلات پیر، 16 نومبر کو جاری کی گئیں۔طبی ذرائع کے مطابق اسرائیلی ڈرون نے جنوبی غزہ کے علاقے المواصی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

چوہدری یٰسین و دیگر کی الیکشن میں کامیابی پر محمد حنیف رامے کو مبارکباد

مزدور تنظیمیں رامے کی کامیابی کو اپنے لیے ایک بڑا اعزاز سمجھتی ہیں، چوہدری یٰسین



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سرپرست اعلیٰ چوہدری محمد یٰسین، جنرل سیکرٹری اسد محمود، صدر شوکت علی انجم، چیئرمین چوہدری عبدالرحمان عاصی، سید عطاء اللہ شاہ، حاجی انور کمال خان، محمد سلمان ہوتی، محبوب اللہ و دیگر قائدین نے ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (HRCP) کے حالیہ الیکشن میں ممتاز لیبر لیڈر اور مزدور تحریک کے سرگرم سائنسی محمد حنیف رامے کو بھاری اکثریت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

وزارتِ تعلیم مخدوش اسکول عمارتوں کی نشاندہی کی ہدایت

سیکرٹری تعلیم کا جاری سروے کے سلسلے میں چار تعلیمی اداروں کا دورہ

طلبہ کے لیے محفوظ تعلیمی ماحول کی فراہمی و سہولیات بنیادی ترجیحات میں شامل، گفتگو



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت سیکرٹری کی جانب سے خطرناک اور مخدوش اسکول عمارتوں کی فوری نشاندہی اور تعلیمی سہولیات کے مؤثر استعمال کی ہدایت سیکرٹری وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت نے آج خطرناک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مینز ایمرجنگ نیشنز ٹرافی: سائرہ جبین انجری کے باعث ایونٹ سے باہر

لاہور: (پی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے مطابق بیٹر سائرہ جبین انجری کے باعث آئی سی سی وینمز ایمرجنگ نیشنز ٹرافی سے باہر ہوگئی ہیں۔پی سی بی کا بتانا ہے کہ سائرہ جبین کو 11 نومبر کو ٹریننگ سیشن کے دوران دائیں ہاتھ کے انگوٹھے میں چوٹ لگی تھی بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مقبوضہ کشمیر میں ظلم، گرفتاریوں چھاپوں کا سلسلہ بند کیا جائے

حریت کانفرنس

اسلام آباد (کے ایم ایس) کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں وکشمیر شاخ نے مقبوضہ جموں وکشمیر میں آئے روز نہتے عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم، گھروں پر چھاپوں، نوجوانوں کی گرفتاریوں اور سیاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

عوام کی امیدیں بلاول بھٹو سے وابستہ ہیں، جاوید بدھانوی

کلیال (نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیر خوراک ٹیکنیکل ایجوکیشن و کے ڈی اے جاوید اقبال بدھانوی نے کہا ہے کہ پاکستان اور کشمیر کے عوام کی امیدیں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

جہلم، عالمی یومِ ذیابیطس کے موقع پر آگاہی واک و کیمپ کا انعقاد

ماہرین کا غیر متعدی بیماریوں کے تدارک کے لیے عوامی صحت کی پالیسیوں پر زور



جہلم (خصوصی رپورٹ) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے عالمی یوم ذیابیطس کے موقع پر جہلم میں ایک آگاہی واک اور تعلیمی و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا، جس کا مقصد پاکستان میں ذیابیطس اور دیگر غیر متعدی بیماریوں (NCDs) کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے نمٹنے کے لیے مؤثر احتیاطی اقدامات کی فوری ضرورت کو اجاگر کرنا تھا۔ مقامی آبادی کو طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایک مفت میڈیکل کیمپ بھی منعقد کیا گیا۔اس تقریب میں میجر جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

جماعت اسلامی کی جدوجہد کسی ذاتی مفاد کے لیے نہیں، طارق سلیم

یہ جدوجہد اقامت دین اور اللہ کی رضا کے حصول کے لیے ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا ہے کہ 29 نومبر کو مینار پاکستان پر تاریخی جلسہ عام ملک بھر کے غریب اور مظلوم عوام کی آواز ثابت ہوگا، جماعت اسلامی کی جدوجہد کسی ذاتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ ایک خوشحال، مستحکم اور اسلامی پاکستان کے قیام کے لیے ہے، جماعت اسلامی نے آئی پی پیز اور پٹرول کے مسئلہ پر ملک کی تاریخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



لاہور، امیر جماعت اسلامی پنجاب طارق سلیم صوبائی عہدیداران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

بھارتی ریاستی دہشتگردی کو لگام میں 2 کشمیری جعلی مقابلے میں شہید

مقامی لوگوں کا جعلی واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ، اصل واقعے کو سامنے لایا جائے، فوجی کارروائیوں پر تشویش



سرینگر (نیوز ایجنسیاں) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے ریاستی دہشت گردی کی ایک اور کارروائی میں آج ضلع کولگام میں دو کشمیری نوجوانوں کو ایک جعلی مقابلے میں شہید کر دیا، بھارتی فورسز نے ضلع کولگام کے علاقے لارو میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پاکستان نے نائیجیریا کو 5-9 سے شکست دیکر پولو ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کرلیا

نائیجیریا (پی این پی) پاکستان نے نائیجیریا میں زون ای پلے آف کوالیفائرز میں پہلی پوزیشن حاصل کرکے اگلے سال فروری میں یورو گوئے میں ہونے والے پولو ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ پاکستان نے نائیجیریا میں زون ای پلے آف کوالیفائرز میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔کوالیفائرز کے تیسرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دوسرے ٹیسٹ کیلئے دونوں ٹیموں کی تیاریاں شروع

اسلام آباد: (پی این پی) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹیسٹ سیریز کے دوسرے میچ کیلئے دونوں ٹیموں نے تیاریوں کا آغاز کر دیا ہے۔ پاکستانی ٹیسٹ سکواڈ میں شامل کھلاڑیوں نے آفیشل ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا، اس دوران قومی ٹیسٹ سکواڈ کے 12 کھلاڑیوں نے اسلام آباد کرکٹ کلب میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ہٹیاں بالا، من مانے کرائے وصول کیے جانے کی شکایات

ہٹیاں بالا (بیورو رپورٹ) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہونے کے بعد جہلم ویلی کے ضلعی ہیڈ کوارٹر ہٹیاں بالا، چناری، چکوٹھی اور گردونواح میں پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کے سرکاری اعلان پر عملدرآمد ضلعی انتظامیہ کے لیے ایک بڑا چیلنج بن گیا، اسسٹنٹ کمشنر ہٹیاں بالا کی جانب سے مختلف لوکل روٹس پر چلنے والی ہائی ایس، ٹیکسیوں اور بسوں کے نئے کرایہ نامے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ، پاکستان نے بنگلادیش کو 126 رنز سے شکست دیدی

ڈھاکا: (پی این پی) بنگلادیش میں جاری بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ایشیا کپ میں پاکستانی ٹیم نے شاندار آغاز کرتے ہوئے اپنے پہلے میچ میں میزبان بنگلادیش کو 126 رنز کے بڑے مارجن سے شکست دے دی۔ پاکستانی بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 244 رنز بنائے، بدر منیر نے 88 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی

طلباء کے مستقبل کو محفوظ اور کامیاب بنائیں گے، جاوید انتظار، عامر

جنوری میں آئی سی سی چاکرہ، آئی سی سی جھنگی سیداں کا افتتاح کریں گے



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار اور ڈائریکٹر جنرل کریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز پروفیسر محمد عامر نے اسلام آباد کریئر کالج چاکرہ راولپنڈی اور اسلام آباد کریئر کالج جھنگی سیداں کا دورا کیا۔تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔بلڈنگ مالکان امتیاز حسین اور ندیم خان، نمائندہ آئی سی سی چاکرہ معین سے ملاقات کی۔ پروفیسر عامر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اولیاء اللہ محبت و پیار کا درس دیتے ہیں، پیر سلطان ہمدانی

اہل بیت اطہار اور اصحاب کرام سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے

اڈیالہ (نامہ نگار) حضور وجہ تخلیق کائنات ہیں ۔حضور کی آمد تمام جانوں کے لیے رحمت ھے ۔اتباع رسول میں ہماری نجات ہے۔ اولیاء اللہ محبت و پیار کا درس دیتے ہیں۔ اہل بیت اطہار اور اصحاب کرام سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ان خیالات کا اظہار پیر سید سلطان علی شاہ ہمدانی بانی و مہتمم دارالعلوم بھنگالی شریف چھٹی سالانہ محفل نعت نور کی برسات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ڈی آئی جی علی وسیم کی آرگنائزڈ کرائم یونٹ کے افسران سے میٹنگ

سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایات



اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی آرگنائزڈ کرائم یونٹ کے افسران سے اہم میٹنگ۔ڈی آئی جی اسلام آباد نے کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔منظم جرائم پیشہ گروہوں کے نیٹ ورکس کے خاتمے اور سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں۔تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے آرگنائزڈ کرائم یونٹ کے افسران کے ساتھ اہم اجلاس منعقد کیا، جس میں یونٹ کی مجموعی کارکردگی، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں اور سنگین جرائم کے تدارک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

گوجرخان، فوتگی پر جانیوالے افراد کے گھر میں چوری

چور اڑھائی لاکھ نقدی اور 16 لاکھ کے زیورات لے اڑے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گھر کو تالے لگا کر فوتگی پر جانے والے اہل خانہ کے گھر میں چوری کی واردات، نامعلوم چور اڑھائی لاکھ روپے نقدی اور 16 لاکھ روپے مالیت کے چار تولے طلائی زیورات لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس سرکل گوجرخان کے تھانہ جاتلی کے علاقے گاؤں کونٹ میں عاشق حسین کے گھر نامعلوم چور اہل خانہ کی عدم موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے تالے توڑ کر داخل ہوگئے اور بیڈ روم میں موجود الماری سے اڑھائی لاکھ روپے نقدی اور چار تولے طلائی زیورات، جن کی مالیت 16 لاکھ روپے بتائی گئی ہے، چوری کرکے فرار ہوگئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

بہاولپور، واپڈا اہلکار اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر کھمبے پر چڑھ کر بجلی ٹھیک کر رہا ہے

چوہدری سالک حسین کا موقف حقائق پر مبنی، ندیم عاشق اعوان

صوبے کے وسائل پر گجرات اور پوٹھوہار سمیت پورے پنجاب کا برابر کا حصہ ہر جانے کے نوٹس اور سکیورٹی واپس لینا جمہوری روایات کے منافی، سابق مشیر

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کے سابق مشیر ملک ندیم عاشق اعوان نے وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین کے اصولی مؤقف کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے بھی صوبے میں موجود بدانتظامی، مالی بے ضابطگیوں اور ترقیاتی فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف آواز اٹھانا ایک جرات مندانہ اور عوامی اقدام ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

آئی جی سہیل چوہدری کا پولیس بیرکس واپ گریڈیشن منصوبوں کا دورہ

تمام منصوبے اعلیٰ معیار کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کا پولیس بیرکس اور رہائشی سہولیات کی تعمیر نو واپ گریڈیشن کے منصوبوں کا دورہ۔آئی جی اسلام آباد نے جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ پولیس افسران و جوانوں کی فلاح و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد پنڈوریاں ماڈل قبرستان منصوبے کا 70 فیصد کام مکمل

جنازہ گاہ کی چھت اور فنشنگ، وسیع پارکنگ بھی بنائی جارہی، جلد ہی اسلام آباد کے شہریوں کو نئے قبرستان کی سہولت میسر ہوگی

اسلام آباد میں قبرستان کی جگہ کی کمی کا مسئلہ حل کرنے میں مدد ملے گی، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد میں 860 کنال سے زائد اراضی پر پنڈوریاں ماڈل قبرستان منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے۔ مجموعی طور پر پنڈوریاں ماڈل قبرستان کے 70 فیصد تعمیراتی کام مکمل کرلئے گئے دارالحکومت اسلام آباد میں 860 کنال سے زائد اراضی پر پنڈوریاں ماڈل قبرستان منصوبے پر کام تیزی سے جاری، جلد ہی اسلام آباد کے شہریوں کو نئے قبرستان کی سہولت میسر ہوگی ہیں جبکہ باقی ماندہ تعمیراتی کام رواں برس ہی مکمل کرلئے جائینگے۔ پنڈوریاں ماڈل قبرستان منصوبے میں حائل تمام رکاوٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر دور کیا جارہا ہے۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



پنڈوریاں قبرستان پر تعمیراتی کام کیا جارہا جبکہ دوسری جانب ٹھیکیدار بریفنگ دیتے ہوئے

ایگزینڈر زویروف اور بین شیلٹن کا اے ٹی پی فائنلز میں فاتحانہ آغاز

روم (پی این پی): جرمنی کے نامور ٹینس سٹار اور عالمی نمبر ون ایگزینڈر زویروف نے اے ٹی پی فائنلز میں کامیابی کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کر دیا جبکہ امریکی کھلاڑی بین شیلٹن نے بھی فرانس کے آرتھر فلس کو شکست دے کر ٹورنامنٹ میں پہلی فتح حاصل کرلی۔

مختلف مقدمات میں مطلوب ملزم کی زخمی ہونے کی اطلاع

گوجرخان (بیورو رپورٹ) کم سن بچوں کے مبینہ جنسی استحصال کے مقدمات میں مطلوب جیرو رتیال کے رہائشی محمد شعیب کی اٹک میں گرفتاری کے دوران فائرنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ڈسٹرکٹ بار میرپور میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

میرپور (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن میرپور کے صدر بابر علی خان ایڈووکیٹ کی تحریک پر وکلاء برادری کی صحت وطبی سہولیات کے پیش نظر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال میرپور کے اشتراک و تعاون سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

صدر عوامی تحریک غلام علی خان عارضہ قلب میں مبتلا

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے کال کر کے خیریت دریافت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی تحریک ضلع راولپنڈی کے صدر غلام علی خان عارضہ 2 نومبر سے قلب میں مبتلا ہو گئے شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے کال کر کے خیریت دریافت کی اور صحت یابی کیلئے دعا کی غلام علی خان کو چند روز قبل ہارٹ اٹیک ہوا جس سے وہ فوری طور پر ہسپتال داخل کر دیے گیا تھا اور جہاں دل میں اسٹنٹ ڈالے گئے اس موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ریفرنڈم سے پہلے تمام صوبوں میں گورنر راج لگایا جائے: سرفراز افضل

ضروری ہے کوئی بھی حکومت اختیارات کا ناجائز استعمال کر کے ردوبدل نا کر سکے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ریفرنڈم سے پہلے تمام صوبوں میں گورنر راج لگایا جائے: سرفراز افضل سابق مشیر وزیراعلیٰ پنجاب برائے سیاسی امور چوہدری سرفراز افضل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



اڈیالہ، پیر سید سلطان علی شاہ ہمدانی، پیر محمود علی شاہ و دیگر محفل کے اختتام پر دعا کر رہے ہیں

پنجاب میں اینٹی ریپ ایکٹ خصوصی عدالتیں قائم کرنیکا فیصلہ کرلیا

پنجاب میں اینٹی ریپ ایکٹ لایا جائیگا جسے خواتین، بچوں کے تحفظ کیلئے جامع قانون بنا کر صوبے میں لاگو کیا جائے گا

عدالتیں خواتین، بچوں کیخلاف جرائم کے مقدمات میں تیز رفتاری سے ٹرائل مکمل کر کے متاثرین کو فوری انصاف دلائیں گی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب نے خواتین اور بچوں کو ریپ، گھریلو تشدد، اور دیگر جرائم اور استحصال سے تحفظ دینے کے لیے انسداد دہشت گردی عدالتوں کی طرح خصوصی عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کے مطابق یہ فیصلہ مریم نواز کی قیادت میں لاء اینڈ آرڈر اور خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم پر ہونے والے ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

تھانہ بنی گالہ اور کیپیٹل پٹرولز پولیس کی بڑی کارروائی

19 سے زائد مقدمات میں مطلوب سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزم دو ساتھیوں سمیت گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 3 کلوگرام سے زائد آئس اور غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس تھانہ بنی گالہ اور کیپیٹل پٹرولز پولیس کی بڑی کارروائی۔ 19 سے زائد مقدمات میں مطلوب سابقہ ریکارڈ یافتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

آئی سی سی کا ورلڈ کپ کوالیفائرز فارمیٹ میں تبدیلیوں کا اعلان

لاہور (پی این پی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے 2027 ون ڈے ورلڈ کپ کوالیفائرز کے فارمیٹ میں بڑی تبدیلی کرتے ہوئے سپر سکس مرحلہ ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئی سی سی ورلڈ کپ کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

روس 2027ء کی عالمی جونیئر آئس ہاکی چیمپئن شپ میں شرکت نہیں کر سکے گا

اوٹاوا: (پی این پی) روس 2027ء کی عالمی جونیئر آئس ہاکی چیمپئن شپ میں شرکت نہیں کر سکے گا، کینیڈا نے یوکرین جنگ کے تناظر میں روسی کھلاڑیوں اور عہدیداروں کے ملک میں داخلے پر پابندی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انٹرنیشنل آئس ہاکی فیڈریشن نے تصدیق کی ہے کہ متبادل انتظامات پر غور کے باوجود ٹورنامنٹ کی میزبانی کینیڈا ہی کرے گا، چیمپئن شپ 26 دسمبر 2026ء سے 5 جنوری 2027ء تک کینیڈا کے شہروں ایڈمنٹن اور ریڈ ڈیئر میں منعقد ہوگی۔

شکایات سیل

شہر نامہ اسلام آباد

- آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
- آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- آپ کا حق تلف کیا گیا
- آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
- آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356



ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
شکی پرنٹرز
SPS
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اور آفسٹ آفسٹ ویریٹیز
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083